رسالہ نورِ وحدت (فارسی)

از

خواجہ عبداللہ المعروف خواجہ خورد

حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ

اردو ترجمہ

مولوی عبدالحلیم ہالی پوتہ

مرتب

ڈاکٹر حافظ مُنیر احمد خاں

www.mujaddidway.com

کتاب : رسالہ نورِ وحدت (فارسی)
مترجم : مولوی عبدالحلیم بالی پوتہ
مرتب : ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں
تعداد : ۵۰۰ (پانچ سو)
کمپوزنگ : خواجہ ناصر
ناشر : بی ایم آفسٹ پرنٹنگ پریس۔
رابطہ : المصطفےٰ پبلی کیشنز ۹، اولڈ یونی ورسٹی، حیدرآباد۔
بارِ طبع : اول ۲۰۰۳ء

باسمہ حامداً و مصلیاً

مقدمہ

میرے جدِ امجد حضرت ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب نے سلسلۂ نقشبندیہ کے بزرگوں کے سات نادر رسائل کا ایک مجموعہ "رسائل مشاہیر نقشبندیہ" (تاریخی نام ۱۴۰۸ھ) شائع کیا تھا۔ اس میں چھٹا رسالہ "نورِ وحدت" ہے۔ اس پر درج ہے کہ یہ حضرت باقی باللہ کے صاحبزادے حضرت عبیداللہ کا ہے جو خواجہ خورد کے نام سے معروف تھے۔ دادا صاحب قبلہ کے ذخیرۂ کتب سے بھی نورِ وحدت کا ایک قلمی مخطوطہ ملا جو آپ نے بہار کے کتب خانے سے حاصل کیا تھا۔ اس پر مصنف کا نام درج نہیں ہے البتہ کاتب نے ترقیمے میں حضرت باقی باللہ لکھا ہے۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہو سکتا کیوں کہ "رسائل مشاہیر نقشبندیہ" کا مطبوعہ نسخہ ہمارے سامنے ہے۔ راقم الحروف کو خیال آیا کہ اس رسالے کا اردو ترجمہ بھی شائع ہونا چاہیے۔ اس کے لیے میں نے حضرت پیر نثار جان سرہندی صاحب سے رابطہ کیا تو آپ نے فرمایا کہ میرے پاس بھی ایک مطبوعہ مجموعہ ہے اور یہ رسالہ اس میں بھی شامل ہے۔ لیکن یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ اس پر مصنف کا نام خواجہ عبداللہ درج ہے۔ اب تصدیق و تحقیق کی ضرورت تھی کہ اس رسالے کے اصل مصنف کون ہیں اور یہ سہو کس سے ہوا ہے۔ دادا ابا (ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں) نے ان کا نام عبیداللہ لکھا ہے۔ نثار صاحب کے نسخے میں عبداللہ ہے جو درست کیا ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ سہو مولانا نسیم احمد فریدی امروہوی کی کتاب "خواجہ باقی باللہ" کے صفحہ [illegible] اور [illegible] سے ہوا ہے۔ اس میں ظاہر کیا گیا ہے کہ حضرت خواجہ کلاں کا نام عبداللہ تھا اور خواجہ خورد کا نام عبیداللہ تھا۔

"خاندانِ نقشبندیہ کی علمی خدمات" کے صفحہ ۱۳ پر اس کی تفصیل ہے۔ جس کے مطابق حضرت خواجہ باقی باللہ (م ۱۰۱۲ھ) کے دو صاحبزادے تھے۔ خواجہ عبیداللہ (م ۱۲ جمادی الآخر ۱۰۷۳ھ) اور خواجہ عبداللہ (م ۲۵ جمادی الاوّل ۱۰۷۴ھ)۔ خواجہ عبیداللہ کو خواجہ کلاں کہتے ہیں۔ اور وہ اپنے چھوٹے بھائی خواجہ عبداللہ المعروف خواجہ خورد سے چار ماہ بڑے تھے (اور دوسری ماں کے بطن سے تھے)

"رسائل مشاہیر نقشبندیہ" کی اشاعت کے فوراً بعد ہی دادا ابا نے مولانا نسیم احمد فریدی امروہوی کی غلط فہمی کو تحقیقی انداز میں ثابت کیا اور اپنی تصنیف "باقیاتِ باقی" میں تفصیل پیش کر دی۔ آپ صراحت فرماتے ہیں کہ:

www.mujaddidway.com

''مولانا نسیم احمد فریدی امروہوی مرحوم نے اپنی کتاب ''خواجہ باقی باللہؒ'' (لکھنؤ ۱۹۷۸ء) کے صفحہ ۴۱ پھر صفحہ ۴۸ تا ۵۲ میں یہ بات باور کرانے کی کوشش کی ہے کہ خواجۂ کلاں (بڑے صاحبزادے) خواجہ عبداللہؒ تھے اور خواجۂ خورد (چھوٹے صاحبزادے) خواجہ عبیداللہؒ تھے اور یہ بات انھوں نے شیخ محمد ہاشم کشمیؒ اور شیخ بدرالدین سرہندیؒ جیسے قریب العہد مستند اور معتبر بزرگوں کے اقوال سے اعراض کرتے ہوئے کہی ہے۔

مولانا فریدی کی کتاب کے صفحہ ۵۱-۵۲ میں خواجۂ کلاںؒ کے مختصر حالات ہیں اور صفحہ ۵۳ سے خواجہ خورد کے حالات شروع ہوتے ہیں۔ صفحہ ۵۲ میں وہ سید محمد کمال سنبھلی کی تاریخ ''اسراریہ'' کا ایک قول نقل کرتے ہیں کہ ''میرے شیخ نے فرمایا کہ خواجۂ بزرگ (یعنی خواجہ باقی باللہؒ) کے وصال (۲۵ جمادی الآخر ۱۰۱۲ھ) کے وقت اُن کی عمر دو سال چار ماہ تھی''۔ اِس جملے میں مولانا فریدی نے ''میرے شیخ'' کے بعد اپنی طرف سے قوسین میں ''خواجۂ خورد'' کا اضافہ کردیا حالاں کہ یہاں انھیں ''خواجہ کلاں'' لکھنا چاہیے تھا۔ کیوں کہ انھی کا ذکر ہورہا ہے۔ اور خواجۂ کلاںؒ ہی اُس وقت دو سال چار ماہ کے تھے۔ یعنی اُن کی ولادت یکم ربیع الاوّل ۱۰۱۰ھ کو ہوئی تھی اور خواجۂ خورد یعنی حضرت عبداللہؒ تو اُس وقت دو سال کے بھی نہیں ہوئے تھے یعنی ان کی ولادت تو ۶ رجب ۱۰۱۰ھ کو ہوئی تھی (دوسری والدہ سے) خواجہ خورد کی یہ تاریخِ ولادت خود مولانا فرید نے بھی صفحہ ۵۳ میں لکھی ہے۔ پھر مولانا فریدی نے صفحہ ۵۴ میں یہ بات بھی لکھی ہے کہ تاریخِ اسراریہ کے مصنف کا قول ہے کہ ''خواجۂ خورد مجھ سے چار روز کم، آٹھ ماہ عمر میں بڑے تھے'' اور وہیں اس مصنف کی ولادت ۱۲ ربیع الاوّل ۱۰۱۱ھ لکھی ہوئی ہے۔ چناں چہ اس قول کے مطابق بھی خواجہ خورد کی تاریخِ ولادت وہی ۶ رجب ۱۰۱۰ھ بنتی ہے''۔

بہر حال دادا ابا حضرت ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب نے اپنی تصنیف ''باقیاتِ باقی'' (قلمی) کے صفحہ ۱۰ تا ۱۳ پر اس تفصیل کو پیش کرتے ہوئے فیصلہ کردیا ہے کہ حضرت باقی باللہؒ کے بڑے صاحبزادے حضرت عبیداللہؒ تھے یہ خواجۂ کلاں کے نام سے معروف تھے اور چھوٹے بیٹے حضرت عبداللہؒ تھے اور یہ خواجہ خورد کے نام سے مقبول تھے۔ اور یہ رسالہ ''نورِ وحدت'' انھی کا رسالہ ہے۔

خواجۂ خورد عبداللہؒ کی تصانیف کے متعلق سید کمال سنبھلی رحمۃ اللہ علیہ نے ''اسراریہ'' میں لکھا ہے۔

''اس قدر تصانیف، علمِ توحید و معروفت کے اندر عربی اور فارسی زبان میں اُن کے قلم سے نکلیں کہ اگر ابنِ عربی علیہ الرحمۃ اس وقت زندہ ہوتے تو انصاف کو کام میں لاکر فرماتے، مرحبا، مرحبا اے خواجہ خورد، آج تم جیسا علم کا جاننے والا کوئی نہیں''

مولانا نسیم احمد نے اپنی تصنیف کے صفحہ ۵۳ پر خواجۂ خورد کی تین کتابیں (۱) پردہ پرداخت و پردگی شناخت (۲) القول السدید اور (۳) ملفوظات، کا ذکر کیا ہے کہ یہ علی گڑھ میں محفوظ ہیں۔ اور خواجۂ خورد علیہ الرحمۃ کے ایک صاحبزادے خواجہ سلام اللہ علیہ الرحمۃ اور دوسرے خواجہ غلام بہاء الدین (صفحہ ۶۲-۶۴) کا ذکر بھی کیا ہے۔

جیسا کہ عاجز کی خواہش تھی کہ یہ رسالہ اردو زبان میں بھی ترجمہ ہوجائے تو اس کے لیے حضرت پیر نثار جان سرہندی صاحب سے درخواست کی گئی تھی آپ کے حُسنِ توسط، اور علم پروری کی بنا پر ان کے علاقے کی ایک عالم فاضل شخصیت مولوی عبدالحلیم صاحب نے ''نورِ وحدت'' کا اردو سلیس ترجمہ فرمادیا ہے۔ ترجمہ نگاری اتنی آسان نہیں، ہمارے ڈاکٹر ابوالخیر کشفی صاحب نے ایک جگہ لکھا تھا ''ترجمہ کرتے ہوئے کبھی کبھی ایک لفظ کا نعم البدل، ترجمہ نگار کی راتوں کی نیند حرام کردیتا ہے اور لوگ کہتے ہیں، کیا ہے، ترجمہ ہی تو ہے''۔ یقیناً مشکل کی ایسی کئی منازل سے حضرت عبدالحلیم ہالی پوتہ صاحب کو بھی گزرنا پڑا ہوگا۔ اس کا اندازہ ان کے رواں، سلیس اور اصل سے قریب تر ترجمے کو دیکھ کر بخوبی ہوجاتا ہے۔ لہٰذا ترجمے کے ساتھ اصل رسالہ ''نورِ وحدت'' (فارسی) بھی شایع کیا جارہا ہے یہ وہی عکس ہے جو ''رسائل مشاہیر نقشبندیہ'' میں شامل ہے۔ میں آخر میں پیر نثار جان سرہندی صاحب اور عبدالحلیم صاحب کا ممنون ہوں جنھوں نے خلوصِ دل سے قلمی معاونت فرمائی، جناب مرزا افتخار احمد صاحب اور پروفیسر مسرور احمد زئی صاحب کا بھی شکریہ ضروری ہے جنھوں نے کتابت خوانی اور طباعت کے مراحل کو آسان و ممکن بنایا۔

احقر

ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں

www.mujaddidiway.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ رسالہ نورِ وحدت، حضرت قدوۃ المحققین برہان المدققین عارف باللہ خواجہ عبداللہ المعروف خواجہ خورد قدس اللہ روحہ وافاض علی الطالبین فتوحہ، کی تصنیفات میں سے ہے۔ جمعہ مبارک کی شب خواجہ بہاؤ الحق والدین المعروف شاہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز کے عرس کے موقع پر سوم ربیع الاول ۱۰۵۳ھ ان اسرار کے اظہار کو شروع کرنے کا اتفاق ہوا۔

الحمد للہ کہ حقیقت آفتاب سے بھی زیادہ روشن ہے۔

اور جمالِ وحدت، کثرت کے آئینوں میں ہر طرح نظر کے سامنے۔

اما بعد، یہ رسالہ تیری حقیقت سے تیری طرف ہے۔

اگر ہمت کی آنکھ سے اس کا مطالعہ کرے گا تو میں سمجھتا ہوں کہ تو صورت سے نکل کر حقیقت تک پہنچ جائے گا۔ اور حجاب موہوم درمیان سے اٹھ جائے گا۔

جناب عالی۔ ایک شخص بُعد کی بات کرتا ہے اس کا بھی سبب ہے۔ دوسرا شخص قُرب کا نشان دیتا ہے اس کا بھی سبب ہے۔ تیری حقیقت جو اس رسالے کی زبان سے تجھ سے بات کرتی ہے۔ وحدت پر اطلاع دیتی ہے کہ وہاں نہ بُعد ہے نہ قُرب۔ اور جب وحدت کا طلوع ہوگا تو بُعد اور قرب عین وحدت ہو جائیں گے۔

جناب عالی۔ ہر فرقہ دوسرے فرقے کے ساتھ جنگ و جدال میں ہے۔ مگر اہل وحدت کہ وہ سب کے ساتھ ایک ہیں اگرچہ کوئی بھی ان کے ساتھ ایک نہیں ہے۔

جناب عالی۔ اہل وحدت مختلف اور متضاد مذاہب اور جدا جدا الگ الگ مشارب سے مجتمع اور لطیف مشرب کھینچ لیتے ہیں جو عام مذہب اور حال وجدانی کو شامل ہوتا ہے۔ اور ان کا اس کے علاوہ بھی خاص مذہب اور مخصوص مشرب ہوتا ہے۔ جیسا کہ گفتگو میں آتا ہے کہ متکلم نے ایسے کہا۔ حکیم اس طرح کہتا ہے اور صوفی اس طرح۔

جناب عالی۔ وحدت باطن کثرت ہے اور کثرت ظاہر وحدت اور دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے۔

جناب عالی۔ موجود ایک ہستی ہے جو کثرت موہوم کی صورت میں نظر آتی ہے۔

جناب عالی۔ تجھے وحدت سے کثرت میں لائے ہیں اور یگانگی سے دوئی میں پہنچایا ہے۔ اس حکمت کے تحت جس کو اللہ سبحانہ ہی جانتا ہے اور اس کے خاص بندے بھی اس کے عطا کیے ہوئے علم سے جانتے ہیں۔ اور تجھے ایسا بنایا گیا ہے کہ تو اپنی سابقہ وحدت کا کوئی پتا نہیں رکھتا۔ اور اس حال کا تجھ میں کوئی اثر ظاہر نہیں ہے۔ بلکہ سارے عالم کو اللہ سبحانہ وحدت سے کثرت میں لایا۔ اس کے بعد اپنے کچھ خاص بندوں کو بلا واسطہ اپنی ذات سے آشنا کیا اور کثرت سے وحدت میں لا کر اور کثرت سے وحدت حاصل کرنے کی راہ تعلیم فرما کر کثرت میں بھیجا۔ چنانچہ وہ کثرت میں وحدت دیکھتے تھے۔ اور ان کو حکم کیا کہ دوسروں کو اس طریق کی تعلیم دیں۔ جس نے اس راہ پر عمل کیا اور ان بزرگوں کی جماعت کی پیروی کی وہ کثرت سے وحدت میں مل گیا اور دوئی سے یگانگی میں پہنچ گیا۔ یہ بزرگوں کی جماعت انبیاء کی جماعت ہے۔ اور وصالِ حق کی یہ راہ شریعت اور طریقت ہے۔

جناب عالی۔ شریعت کچھ کام کرنے اور کچھ کام چھوڑنے کا نام ہے۔ جو فقہ کی کتابوں میں بیان کیے گئے ہیں۔ اور طریقت نام ہے اخلاق کو سنوارنے کا۔ یعنی بُری عادتوں کو اچھی

www.mujaddidway.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ رسالہ نور وحدت، حضرت قدوۃ المحققین برہان المدققین عارف باللہ خواجہ عبداللہ المعروف خواجہ خورد قدس اللہ روحہ وافاض علی الطالبین فتوحہ، کی تصنیفات میں سے ہے۔ جمعہ مبارک کی شب خواجہ بہاؤالحق والدین المعروف شاہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز کے عرس کے موقع پر سوم ربیع الاول ۱۰۵۳ھ ان اسرار کے اظہار کو شروع کرنے کا اتفاق ہوا۔

الحمدللہ کہ حقیقت آفتاب سے بھی زیادہ روشن ہے۔

اور جمال وحدت، کثرت کے آئینوں میں ہر طرح نظر کے سامنے۔

اما بعد، یہ رسالہ تیری حقیقت سے تیری طرف ہے۔

اگر ہمت کی آنکھ سے اس کا مطالعہ کرے گا تو میں سمجھتا ہوں کہ تو صورت سے نکل کر حقیقت تک پہنچ جائے گا۔ اور حجابِ موہوم درمیان سے اٹھ جائے گا۔

جناب عالی۔ ایک شخص بُعد کی بات کرتا ہے اس کا بھی سبب ہے۔ دوسرا شخص قُرب کا نشان دیتا ہے اس کا بھی سبب ہے۔ تیری حقیقت جو اس رسالے کی زبان سے تجھ سے بات کرتی ہے۔ وحدت پر اطلاع دیتی ہے کہ وہاں نہ بُعد ہے نہ قُرب، اور جب وحدت کا طلوع ہوگا تو بُعد اور قرب عین وحدت ہو جائیں گے۔

جناب عالی۔ ہر فرقہ دوسرے فرقے کے ساتھ جنگ وجدال میں ہے۔ مگر اہل وحدت کہ وہ سب کے ساتھ ایک ہیں اگرچہ کوئی بھی ان کے ساتھ ایک نہیں ہے۔

جناب عالی۔ اہل وحدت مختلف اور متضاد مذاہب اور جدا جدا الگ الگ مشارب سے میٹھا اور لطیف مشرب کھینچ لیتے ہیں جو عام مذہب اور حال وجدانی کو شامل ہوتا ہے۔ اور ان کا اس کے علاوہ بھی خاص مذہب اور مخصوص مشرب ہوتا ہے۔ جیسا کہ گفتگو میں آتا ہے کہ متکلم نے ایسے کہا۔ حکیم اس طرح کہتا ہے اور صوفی اس طرح۔

جناب عالی۔ وحدت باطن کثرت ہے اور کثرت ظاہر وحدت اور دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے۔

جناب عالی۔ موجود ایک ہستی ہے جو کثرت موہوم کی صورت میں نظر آتی ہے۔

جناب عالی۔ تجھے وحدت سے کثرت میں لائے ہیں اور یگانگی سے دوئی میں پہنچایا ہے۔ اس حکمت کے تحت جس کو اللہ سبحانہ ہی جانتا ہے اور اس کے خاص بندے بھی اس کے عطا کیے ہوئے علم سے جانتے ہیں۔ اور تجھے ایسا بنایا گیا ہے کہ تو اپنی سابقہ وحدت کا کوئی پتا نہیں رکھتا۔ اور اس حال کا تجھ میں کوئی اثر ظاہر نہیں ہے۔ بلکہ سارے عالم کو اللہ سبحانہ وحدت سے کثرت میں لایا۔ اس کے بعد اپنے کچھ خاص بندوں کو بلا واسطہ اپنی ذات سے آشنا کیا اور کثرت سے وحدت میں لا کر اور کثرت سے وحدت حاصل کرنے کی راہ تعلیم فرما کر کثرت میں بھیجا۔ چنانچہ وہ کثرت میں وحدت دیکھتے تھے۔ اور ان کو حکم کیا کہ دوسروں کو اس طریق کی تعلیم دیں۔ جس نے اس راہ پر عمل کیا اور ان بزرگوں کی جماعت کی پیروی کی وہ کثرت سے وحدت میں مل گیا اور دوئی سے یگانگی میں پہنچ گیا۔ یہ بزرگوں کی جماعت انبیاء کی جماعت ہے۔ اور وصال حق کی یہ راہ شریعت اور طریقت ہے۔

جناب عالی۔ شریعت کچھ کام کرنے اور کچھ کام چھوڑنے کا نام ہے۔ جو فقہ کی کتابوں میں بیان کیے گئے ہیں۔ اور طریقت نام ہے اخلاق کو سنوارنے کا۔ یعنی بُری عادتوں کو اچھی

www.mujaddidiway.com

عادتوں میں تبدیل کرنا کہ اس کو سفر در وطن بھی کہتے ہیں اور سلوک کا نام بھی کہتے ہیں۔ اور یہ مشائخ کی کتابوں بالخصوص حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں میں تفصیل سے مذکور ہیں۔ اور کچھ مزید آداب اور اشغال بھی ہیں جن کو مشائخ نے وضع کیا ہے طریقت میں داخل ہیں۔

جناب عالی۔ شرعی احکام کہ جن کی بنیاد دوئی پر ہے بالخصوص وحدت سے ملانے والی ہے اور اس کا راز خدا جانے اور اس کے خاص بندے۔ پس اعمال کا پہنچنا کثرت سے مربوط ہے۔ وحدت کی طرف اشارہ ہے۔ اس صورت میں کہ کثرت عین وحدت ہے۔

جناب عالی۔ نماز، روزہ، زکوۃ، حج اور دوسری عبادتیں کہ وحدت کو پہنچاتی ہیں۔ ان کی خاصیت اور ان کے حاصل کرنے سے وحدت اس وقت حاصل ہوتی ہے کہ یہ عبادتیں خالصۃً للہ ادا کی جائیں جیسا کہ شرط ہے۔ اور اس باب میں للہ کے معنی ہر شخص کی سمجھ میں نہیں آسکتے۔ اور ہر شخص کی سمجھ میں کیسے آسکتے ہیں۔ البتہ یہ کہ طالب وحدت کے لیے ضروری ہے کہ تصور کرے کہ نیت کی میں نے کہ نماز ادا کروں یا روزہ رکھوں مثلاً اپنی حقیقت اور اس کے وجود یعنی اس کے پانے کے لیے جس کو میں نے گم کیا ہوا ہے۔ اور چاہتا ہوں کہ اس عبادت کے وسیلے سے وحدت جو کہ عین اللہ ہے ظہور میں آئے۔

جناب عالی۔ عابد وہی ہے اور معبود وہی ہے۔ عابد ہے مرتبہ تقیید میں اور معبود ہے مرتبہ اطلاق اور مراتب میں۔ اور مراتب میں تمیز امور عقلیہ میں سے ہے۔ ایک حقیقی ہستی قابل تفہیم ہے جس کا اظہار وجود نظر نہیں آتا۔

جناب عالی۔ اگر نیک نظر سے دیکھے تو برے اخلاق کہ جن کا چھوڑنا طریقت میں واجب ہے، سب بیگانگی اور دوئی پہنچتی ہیں۔ اور اچھے اخلاق کہ جن کا حصول لازم ہے سب تجرد اور یگانگی کی تعلیم دیتے ہیں۔ پس طالب وحدت کو شریعت اور طریقت کے

بغیر کوئی چارہ نہیں ہے۔ اگرچہ وصال کا راز اول (شریعت) میں اس کو معلوم نہیں ہوتا۔ اور ثانی (طریقت) میں اگر غور فرمائیں گے تو وصال کا راز بشرط مناسبت سے غالباً سمجھ میں آجائے گا جیسا کہ ہم نے اشارہ کیا ہے۔

جناب عالی۔ یہ سارے اشغال اور اذکار اور مراقبات اور توجہات اور طریق سلوک کے ضابطے جو مشائخ نے وضع کیے ہیں دوئی موہومہ کو ہٹانے کے لیے ہیں۔ پس تجھے جاننا چاہیے کہ وحدت کہ حق ہے اور کثرت کہ خلق ہے کے درمیان فاصل وہم اور خیال کے بغیر کچھ بھی نہیں اور حقیقت میں وحدت ہے کہ صورت میں کثرت نظر آتی ہے۔ اور ایک ہے جو نظر میں بہت نظر آتا ہے۔ جیسا کہ بھینگا ایک کو دو دیکھتا ہے اور جیسا کہ جوالہ کا نقطہ دائرے کی صورت میں نظر آتا ہے اور جیسا کہ ٹپکنے والا بارش کا قطرہ لکیر کی شکل میں نظر آتا ہے۔ پس وحدت عین کثرت ہے اور کثرت عین وحدت یعنی عابد جو کثرت میں ہے وہی وحدت ہے اپنی ذات و صفات افعال اور آثار میں۔

جناب عالی۔ ایک بلند درجے والے عارف فرماتے تھے کہ درویش خیال کو درست کرنے کا نام ہے۔ یعنی حق کے بغیر دل میں کچھ بھی نہ رہے۔ برحق خوب فرماتے تھے۔

جناب عالی۔ جب حجاب خیال کے بغیر کچھ بھی نہیں ہے۔ تو حجاب کو دور بھی خیال کے ذریعے کرنا چاہیے اور شب و روز وحدت کا خیال رکھنا چاہیے۔

جناب عالی۔ اگر بزرگی چاہتا ہے تو واحد بن اور واحد ہو جا اور واحد بننا یہ ہے کہ تو دوئی سے باہر آجائے اور واحد ہونا یہ ہے کہ تو وحدت پر ہمیشہ رہے۔ دل کی پریشانی غم و اندوہ سب دوئی کی وجہ سے ہیں۔ جب دوئی نظر سے اٹھ جائے گی تو آرام اور قرار حاصل ہو جائے گا۔ ایسا کہ تو ہمیشہ کے لیے کسی بھی غم میں مبتلا نہیں ہوگا اور تجھے دونوں جہانوں میں آرام حاصل ہو جائے گا۔ یعنی آسودگی حاصل ہو جائے گی۔ یعنی آسودگی عدم میں ہے۔

www.mujaddidway.com

جناب عالی۔ جب سالک توحید کی حقیقت کو پہنچے گا اور وحدت تیری صفت ہو جائے گی جب دیکھے گا کہ حق کے ساتھ تیری نسبت سلوک کے بعد بھی کچھ نہیں بڑھی ہے۔ وہی نسبت جو سلوک سے پہلے تھی بلکہ تیری نسبت وجود سے پہلے اور وجود کے بعد ایک ہی ہے۔

جناب عالی۔ کچھ بیمار کے یقین حاصل کیا کہ کسی بھی پانی اور آگ سے زائل نہیں ہوگی ازل سے ابد تک حق موجود ہے۔ دوسرا کوئی بھی ہرگز موجود نہیں ہے۔ تو تم [illegible] کوئی اعتبار نہیں ہے۔ زید بیمار ہوا اور اپنے کو عمرو کہنے لگا۔ لوگوں نے اس باتیں سن کر اس کی تلاش میں [illegible] جب اچھی طرح علاج کرائے اس کی بیماری جاتی رہی تو عمرو کہیں بھی نہیں تھا۔ [illegible] کے پیچھے کی تلاش میں گے جب منزل پر پہنچے خود کو [illegible] تعالیٰ اپنے کو اپنی صفتوں سے جانتا تھا۔ یہ چیزوں کی حقیقتیں ہیں۔ اس [illegible] اپنے کو ظاہر کیا۔ یہ عالم وہی ہے یہاں غیر کہاں سے موجود ہوا۔

جناب عالی۔ جب بات کی حقیقت کو تو نے اس طرح جان لیا اور تجھے معلوم ہوا کہ [illegible] اور مساوات سب وہم کے سبب سے ہیں۔ اگر دوری ہوتی تو پھر نزدیکی حاصل ہو اگر جدائی ہوتی تو ملاپ بھی پیدا کرتا۔ عالم میں اگر ہزار سال فکر کرے گا تو حقیقت مطلق کے بغیر جو عین وحدت ہے کچھ بھی نہ پائے گا۔ بلکہ کوئی ذات اور کوئی [illegible] اور کوئی جہت کیا خارجی کیا داخلی نہیں دیکھے گا کہ اس کی غیر ہو۔ سب جو ہے وہی ہے۔

جناب عالی۔ جو کچھ ادراک میں آئے وہی ہے اور جو ادراک میں نہ آئے وہ بھی وہی ہے [illegible] کو وجود کہتے ہیں اس کا ظہور ہے اور وہ جس کو عدم کہتے ہیں اس کا بطون ہے اول وہی ہے آخر وہی ہے باطن وہی ہے ظاہر وہی ہے مطلق وہی ہے وہی جزئی وہی ہے کلی وہی ہے [illegible] وہی ہے سب وہی ہے۔

جناب عالی۔ اس کے باوجود کہ سب وہ ہے وہ سب سے پاک ہے اس کے اس اطلاق کی دوری ہے اس اطلاق سے الگ کہ وہ سب ہے [illegible] اس اطلاق کو کوئی عقل اور کوئی فہم نہیں پا سکتی ہے۔ حضرت محمد کریم ﷺ [illegible] اسی مقام کے لیے ہے۔

جناب عالی۔ شہود شہود کے مراتب میں ہے اور کسی مراتب سے باہر ہوتا ہے اور یہ شہود ہونا کئی طرح ہوتا ہے جس کا دوام مشکل ہے اس کا حاصل ہونا اور جامعیت انسانی کا تقاضا کرتا ہے جو عظیم تر ہے۔

جناب عالی۔ عارف کے لیے اس سے بالا اور کوئی مقام نہیں ہے اور اس مقام میں فنا اور مکمل ختم ہو جاتا ہے اور یہ کلی قیامت کے اقسام میں سے ہے۔

جناب عالی۔ یہ معارف اس مقام میں ایک ہی نشست میں لکھے گئے۔ جو بات سالک کے ضروری ہے وہ وہی فکر وحدت ہے جس کا بیان اوپر ہو چکا۔ سالک کو چاہیے شب و روز اس کوشش میں رہے کہ کثرت موہومہ جو غیریت کی صورت میں آتی ہے نظر سے دور ہو جائے اور وحدت کا آئینہ بن جائے اور سالک ایک کے بغیر کچھ بھی نہ دیکھے اور ایک کے بغیر کچھ بھی نہ جانے اور ایک کے بغیر کسی کو [illegible] ہے۔

جناب عالی۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ الا اللہ یعنی وحدت ذات ان چیزوں کی صورت میں ہے اور نظروں میں مشہود۔ پس ساری چیزیں باطن ہیں اور وہ ظاہر ہے سا(ری) چیزوں میں۔ پس وہ ساری چیزوں کا ظاہر بھی ہے اور ساری چیزوں کا باطن بھی۔ ساری چیزوں میں ظاہر اور باطن کے بغیر اور کوئی چیز نہیں ہے۔ پس چیزیں کے لیے نہیں ہوتیں بلکہ حق ہوتا ہے اور چیزوں کے نام چیزوں پر اس اعتبار سے ہیں کہ وہ بھی عین حق ہے۔

www.mujaddidway.com

جناب عالی۔ جب تو توحید کی حقیقت کو پہنچے گا اور وحدت تیری صفت ہو جائے گی تب دیکھے کہ حق کے ساتھ تیری نسبت سلوک کے بعد بھی کچھ نہیں بڑھی ہے۔ وہی نسبت جو سلوک سے پہلے تھی بلکہ تیری نسبت وجود سے پہلے اور وجود کے بعد ایک ہی ہے

جناب عالی۔ سمجھ پیدا کر کے یقین حاصل کیا کہ کسی بھی پانی اور آگ سے زائل نہیں ہو سکتا ازل سے ابد تک حق موجود ہے۔ دوسرا کوئی بھی ہرگز موجود نہیں ہے۔ توہم باطل کوئی اعتبار نہیں ہے۔ زید بیمار ہوا اور اپنے کو عمرو سمجھنے لگا۔ لوگوں سے اس باتیں سن کر اس کی تلاش میں نکل کھڑا ہوا۔ جب اچھی طرح علاج کرانے اس کی بیماری جاتی رہی تو عمرو کہیں بھی نہیں تھا، زید ہی تھا۔ سیمرغ کے پیچھے سیم کی تلاش میں گئے جب منزل پر پہنچے تو خود کو سیمرغ پایا۔ پس حق تعالیٰ اپنے ا کو اپنی صفتوں سے جانتا تھا۔ یہ چیزوں کی حقیقتیں ہیں۔ اس کے بعد سے اپنے کو ظاہر کیا۔ یہ عالم یہی ہے یہاں غیر کہاں سے موجود ہوا۔

جناب عالی۔ جب بات کی حقیقت کو تو نے اس طرح جان لیا، اور تجھے معلوم ہوا کہ قرب و اور مساوات سب وہم کے سبب سے ہیں، اگر دوری ہو تو پھر نزدیکی حاصل ہو اگر جدائی ہوتی تو پیوستگی پیدا کرتا، عالم میں اگر ہزار سال فکر کرے گا تو حقیقت مطلق کے بغیر جو عین وحدت ہے کچھ بھی نہ پائے گا۔ بلکہ کوئی ذات اور کوئی جنس اور کوئی جہت کیا خارجی کیا ذہنی کیا وہمی نہیں دیکھے گا کہ اس کی غیر ہو۔ سب و ہے اور وہی ہے سب۔

جناب عالی۔ جو کچھ ادراک میں آئے وہی ہے اور جو ادراک میں نہ آئے وہ بھی وہی ہے، جس کو وجود کہتے ہیں اس کا ظہور ہے اور وہ جس کو عدم کہتے ہیں اس کا بطون ہے اول وہی ہے، آخر وہی ہے، باطن وہی ہے، ظاہر وہی ہے، مطلق وہی ہے، مقید وہی ہے، کلی وہی ہے، جزی وہی ہے، منزہ وہی ہے، مشبہ وہی ہے۔

جناب عالی۔ اس کے باوجود کہ سب وہ ہے، وہ سب سے پاک ہے۔ اس کے اس اطلاق کی دوسری ہے، اس اطلاق سے الگ کہ وہ سب ہے یا عین، اس اطلاق کو کوئی کشف کوئی عقل اور کوئی فہم نہیں پہنچ سکتی۔ و سمکذرکم اللہ نفسہ۔ اسی مقام کے لیے ہے۔

جناب عالی۔ شہود، ظہور کے مراتب میں ہے اور کبھی مراتب سے باہر ہوتا ہے، اور یہ شہود ہوئی بجلی کی طرح ہوتا ہے، جس کا دوام مشکل ہے۔ اس کا حاصل ہونا اور جامعیت انسانی کا تقاضا کرتا ہے جو مظہر اتم ہے۔

جناب عالی۔ عارف کے لیے اس سے بالا اور کوئی مقام نہیں ہے، اور اس مقام میں فنا۔ اور مکمل ختم ہو جاتا ہے، اور یہ کلیہ قیامت کے اقسام میں سے ہے۔

جناب عالی۔ یہ معارف اس مقام میں ایک ہی نشست میں لکھے گئے۔ جو بات سالک کے ضروری ہے وہ وہی فکر وحدت ہے جس کا بیان اوپر ہو چکا۔ سالک کو چاہیے شب و روز اس کوشش میں رہے کہ کثرت موہومہ جو غیریت کی صورت میں آتی ہے، نظر سے دور ہو جائے اور وحدت کا آئینہ بن جائے اور سالک ایک بغیر کچھ بھی نہ دیکھے اور ایک کے بغیر کچھ بھی نہ جانے اور ایک کے بغیر کسی کو بھی پکارے۔

جناب عالی۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ۔ لا الٰہ۔ یعنی وحدت ذات ان چیزوں کی صورت میں ظ ہے اور نظروں میں مشہود، پس ساری چیزیں باطن ہیں اور وہ ظاہر ہے سا چیزوں میں پس وہ ساری چیزوں کا ظاہر بھی ہے اور ساری چیزوں کا باطن بھی ساری چیزوں میں ظاہر اور باطن کے بغیر اور کوئی چیز نہیں ہے۔ پس چیزیں چیزیں نہیں ہوتیں بلکہ حق ہوتا ہے اور چیزوں کے نام چیزوں پر اس اعتبار سے ہیں کہ وہ بھی عین حق ہے۔

www.mujaddidiway.com

جناب عالی۔ مراقبہ کا طریقہ سابقہ کلمات سے بوجوہ مختلفہ سمجھا جا سکتا ہے۔ مراقبہ کا مطلب معنی وحدت کا ملاحظہ ہے، جس طرح بھی کیا جا سکے۔ اگر الفاظ کا ملاحظہ اور ان کا تخیل، معانی کو سمجھنے کا واسطہ بنے تو اس اس کو ذکر کہتے ہیں۔ الفاظ جو بھی ہوں، لا الٰہ الا اللہ یا لفظ اللہ تنہا ہو۔ اور اگر الفاظ کے تخیل کے بغیر معانی سمجھ میں آئے تو مراقبہ اور توجہ ہے۔ اس کے کئی اسباب ہیں۔ جیسا کہ بزرگوں کی کتابوں سے معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ معنی وحدت دل میں قرار پکڑے، اور لفظ اللہ کا ذکر اس طرح کہ حقیقت قلبیہ اور دل کے تصور کے توسط سے متوجہ ہو، اس حیثیت سے کہ یہ حقیقت قلبی مظہر حق ہے۔ لفظ اللہ کا خیال کریں اور اس پر استقامت رکھیں۔

جناب عالی۔ اگر اپنی طرف متوجہ ہو اور اس توجہ کو درست کر سکے تو کام آسان ہو جاتا ہے۔

جناب عالی۔ تیرا بدن تیری روح کی صورت اور مظہر ہے، اس کے بغیر نہیں ہے اور تیری روح حق کا مظہر اور صورت ہے، اس کے بغیر نہیں ہے اور یہ دونوں صورتیں جسمی اور روحی موہوم ہیں۔ جب لفظ اللہ کا خیال کرے اور اس حقیقت کی طرف متوجہ ہو جو ان دو موہوم کی صورت میں ظاہر ہے، اور جانے کہ میں وہی ہوں تو امید ہے کہ شہود اور شہادت اور کثرت میں وحدت میسر ہو جائے۔ اور جو کچھ بھی تیری نظر میں آئے تو جانے کہ صورت رکھتی ہے اور روح رکھتی ہے اور حقیقت رکھتی ہے یعنی اس کی صورت اس کا ملک ناسوت ہے اور اس کی روح اس کا ملکوت ہے اور اس کی حقیقت اس کا جبروت اور لاہوت ہے، جو حق کی ذات اور صفات سے عبارت ہے یعنی توجہ اس چیز کی طرف جو عین حقیقت مطلق ہے۔

جناب عالی۔ جبروت صفات ہے اور لاہوت ذات ہے اور صفات، ذات کا غیر نہیں ہے۔ ہاں کشف اور شہود میں مغایرت کا اعتبار ظاہر ہوتا ہے، اور یہ تجلیات صفاتی اور ذاتی کے حصول کے مقام میں ہے۔ اور یہاں تک ہم نے ذات اور صفات کو ایک مرتبہ میں اعتبار کیا ہے۔ - بحیثیت عینیت

جناب عالی۔ عالم حق کا علم ہے جو ذات کی تجلی کے ساتھ کہ الف اس کی طرف اشارہ ہے ظاہر ہوا اور علم عین ذات ہے۔

جناب عالی۔ حقیقت مطلقہ بے حساب اظہار رکھتی ہے البتہ اس کی کلیات پانچ ہیں۔ ظہور اول، علم اجمالی کا ظہور ہے۔ ظہور دوم علم تفصیلی کا ظہور ہے۔ ظہور سوم صور روحانیہ کا ظہور ہے۔ ظہور چہارم صور مثالیہ کا ظہور ہے۔ ظہور پنجم صور جسمانیہ کا ظہور ہے۔ اور اگر ظہور انسانی کو جدا لیں گے تو ظہورات کلیہ چھ ہوں گے۔ ان ظہورات کو تنزلات خمسہ یا ستہ کہتے ہیں اور حضرات بھی کہتے ہیں۔

جناب عالی۔ انسان ساری ظہورات کا جامع ہے اور اس جامعیت کا بیان بہت طریقوں سے کیا جا سکتا ہے۔

جناب عالی۔ چاہیے کہ تو جانے کہ حقیقت انسانی تمام مراتب میں اس صورت میں کہ اس کے مرتبے کے مناسب ہو ظہور رکھتی ہے۔ سارے حقائق اس حقیقت کی صورتیں ہیں اور یہ حقیقت مرتبے میں سارے حقائق پر مقدم ہے اگرچہ ظہور میں سب سے آخر میں ہے۔

جناب عالی۔ قرآن مجید کے اول سورہ فاتحہ۔ اس میں الحمد للہ واقع ہوا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حامدیت اور محمودیت کی جنس اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے یعنی حامد اور محمود وہی ہے۔ [illegible] اور ہر صفت میں ہر جگہ پر اور ہر صورت میں، اس کے بغیر کوئی بھی حامد اور محمود نہیں ہے۔

جناب عالی۔ سورہ بقرہ کی ابتدا میں الٓمٓ واقع ہوا ہے۔ الف اشارہ ہے احدیت کی طرف کہ الف اس کا اول ہے۔ اور لام اشارہ علم کی طرف کہ لام اس کے بیچ میں ہے اور میم اشارہ ہے عالم کی طرف کہ میم اس کے آخر میں ہے۔ یعنی احدیت نے علم کی صورت لی اور علم نے عالم کی صورت۔

www.mujaddidway.com

ل۔ جو کچھ کہ تیرے لیے ضروری ہے، وحدت کے معانی کو سمجھنا ہے اور ہمیشہ اس مراقبے میں رہنا ہے، اور ان معارف کی تفصیل کو پہنچنا ہے۔ ابتدا میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی، جب عنایت الٰہی سے وحدت کے معنی دل میں بیٹھ جائیں گے اور دوئی کا خیال اٹھ جائے گا تو تجھے صفائی حاصل ہو جائے گی اور سارے علوم اور حقائق تجھ پر کھل جائیں گے اور کچھ بھی مخفی نہیں رہے گا، جب تک کثرت نظر سے دور نہ ہو اور دوئی کا وہم باقی ہوگا، صحیح علوم مشکل ہے کہ ظاہر ہوں۔

ل۔ کچھ روز اپنے اوپر ریاضت کو لازم کر لینا چاہیے اور اپنے انفاس کو اس خیال میں معروف رکھنا چاہیے تاکہ باطل خیال درمیان سے نکل جائے اور حق کا خیال اس کی جگہ لے لے۔

ل۔ جب تک یہ خیال تیرے دل میں قرار نہیں پکڑتا اور تیرے ظاہر اور باطن پر حاوی نہیں ہو جاتا تجھے کسی بھی چیز کی طرف متوجہ نہیں ہونا چاہیے جب یہ حال قرار لے لے اور جدائی اور دوئی دور ہو جائے تو پھر کوئی بھی چیز تجھے نہیں روک سکتی یعنی موہوم اور باطل، موجود اور حق کی راہ نہیں روک سکتی۔

ل۔ حق کو عالم سے وہی نسبت ہے جو پانی کو برف سے بلکہ اس سے بھی قریب تر سمجھنا چاہیے یا پھر وہ نسبت جو سونے کو زیوروں سے کہ اسی سے زیور بنائے جاتے ہیں یا وہ نسبت جو مٹی کو برتنوں سے کہ برتن مٹی سے بنائے جاتے ہیں اور یہ سب ایک ہی ہیں۔

ل۔ عالم اور حق کے درمیان رابطہ کلمہ 'من' میں بھی ہے یعنی عالم اسی سے پیدا ہوا اور وہ پیدا کرنے والا ہے کلمہ 'الی' بھی ہے یعنی عالم اسی کی طرف لوٹنے والا ہے اور یہ پیدائش اور لوٹنا، ازل میں بھی ہے اور ابد میں بھی ہے اور زمانے کی تمام ساعتوں میں بھی یعنی ہر ساعت عالم حقیقت میں جاتا ہے اور حقیقت سے باہر آتا ہے۔ جیسے موج دریا میں سے اور کلمہ 'فی' بھی ہے یعنی عالم حق میں ہے اور حق عالم میں۔

کہ ایک وجہ سے وہ مظہر اور ایک وجہ سے یہ مظہر اور کلمہ 'مع' بھی ہے یعنی معیت ذاتی اور صفاتی بغیر شک وشبہ ثابت ہے اور کلمہ 'ھو' بھی ہے یعنی عالم عین حق ہے اور حق عین عالم اور کلمہ 'لیس' بھی ہے یعنی ایک وجہ سے عالم، عالم ہے اور حق، حق۔ نہ عالم حق ہے اور نہ حق عالم

جناب عالی۔ ایک وجہ تمام رابطوں سے منزہ ہے اور عالم اور حق کے درمیان کوئی رابطہ نہیں ہے اس کو اعتبار کے لحاظ سے لاتعین کہتے ہیں۔

جناب عالی۔ جو کوئی حق کو اس وجہ سے پہنچانتا ہے اس نے حق کو ممکن وجہ سے پہچانا ہے۔

جناب عالی۔ پہلے سالک کو اسم ظاہر کی طرف متوجہ ہونا چاہیے اور یقین کے ساتھ جاننا چاہیے کہ ساری صورتوں میں وہ ہی ظاہر ہے اور معانی میں بھی اور کوئی صورت اور کوئی معنی نہیں ہے جو اس کے بغیر ہو اس معنی کو ہم نے تکرار کے ساتھ لکھا ہے۔ تاکید کے لحاظ سے پھر بھی لکھتا ہوں مقصد یہ ہے کہ فکرِ وحدت اپنے اوپر لازم کر لینا چاہیئے اور خود کو اس فکر میں گم کر دینا چاہیے۔ جب اس فکر میں استغراق حاصل ہو جائے گا تو پھر اسم باطن سے بھی بہرہ مند ہو جائے گا۔

جناب عالی۔ اگر سالہا سال عبادات اور اذکار میں مشغول رہے گا لیکن وحدت سے غافل ہو گا تو وصل سے محروم ہی رہے گا اگرچہ عجیب وغریب کیفیات ظاہر ہوں اور انوار اور واقعات جلوہ گر ہوں تب بھی۔

جناب عالی۔ وہ حال جسے تو اپنے وہم میں وصل سمجھے اور اس حال کا پھل یعنی وحدت کا علم نہ ہو۔ درحقیقت وہ وصل نہیں ہے۔ وہ جو ظاہر ہوا ہے مقامات ظہور میں سے ایک مقام ہے، مقصود حقیقی نہیں ہے جو مطلق ہے اور سب میں ظاہر ہے اور سب کا عین ہے۔ جب تک کوئی چیز ظاہر ہو اور وجود کی کسی وجہ سے یا اشیاء میں سے کوئی شے مغایرت رکھتی ہو تو وہ منزل مقصود نہیں ہے۔

جناب عالی۔ بہر حال حقیقت یہی ہے پہلے تجھے مراقبہ مطلق ضروری ہے تاکہ دوری دور ہے۔ جناب عالی۔ تفرقہ اور جدائی اس وقت تک ہے جب تک تو سب کو ایک نہیں جانتا اور ایک نہیں دیکھتا، جب سب کو ایک جانے گا اور ایک دیکھے گا تو تفرقہ اور دوئی سے آزاد ہو جائے گا اور تجھے وصل مطلق کلی میسر ہو جائے گا۔

جناب عالی۔ جب سب کو ایک دیکھے گا تو سب نہیں رہیں گے بلکہ ایک رہے گا اور بس۔

جناب عالی۔ تجھ میں اور تیرے مقصود میں کوئی فاصلہ نہیں ہے اور فاصلہ جو ہے وہ یہ ہے کہ تو اس کو اپنے آپ سے جدا اور اپنے آپ سے غیر سمجھتا ہے، جب جان لے گا کہ تو نہیں ہے وہی ہے اور بس تب فاصلہ نہیں رہے گا۔ دل کا اطمینان اور دلی آرزو اور نفس کی پہچان اور حق کی معرفت اور فنائے مطلق اور وصل اور اللہ کا قرب اس مقام پر حاصل ہو جائے گا اور کام تمام ہو جائے گا۔

جناب عالی۔ تو جب اس مقام پر پہنچ جائے کہ خود کو نہ دیکھے اور اس کو دیکھے تب دنیا اور دنیا کا آرام تیرے حق میں ایک ہو جائے گا، اور فنا و بقا اور خیر و شر اور وجود و عدم اور کفر و اسلام اور موت و حیات اور طاعت و معصیت پیچھے رہ جائیں گے اور بساط زمان و مکان آنکھوں کا نور بن جائے گا۔

جناب عالی۔ جب تو نہ رہا تو کوئی چیز نہ رہی کیونکہ سب چیزیں تجھ سے اور تیرے خیال سے وابستہ ہیں۔

جناب عالی۔ جاننا چاہیئے کہ سب چیزیں تجھ میں ہیں اور سب چیزیں تجھ سے باہر کوئی وجود نہیں رکھتیں اور جب تو نے اپنے آپ کو سب چیزوں سے خالی کر لیا اب کوئی چیز نہیں رہی۔

جناب عالی۔ تیرا وجود حق کے بغیر نہیں ہے۔ اور ساری چیزیں تیرے اندر موجود ہیں، جب تو نے خود کو حق تک پہنچایا اور اس بحر بیکراں میں خود کو غرق کیا یعنی اس صفت سے آگاہ ہوا تب ساری چیزیں تیرے ساتھ اس دریا میں گم ہو جائیں گی۔

جناب عالی۔ اگر اچھی طرح سے اس کو دیکھے گا تو جان جائے گا کہ انانیت جو تجھ سے ظاہر ہو رہی ہے وہ تجھ سے نہیں ہے اور تو یہ جسم اور روح نہیں ہے سارے عالم میں ایک انا کو ہے کہ اس کی انانیت ہر جگہ پر ظاہر اور جلوہ گر ہے۔

جناب عالی۔ حقیقت مطلق کے وصول کی علامت یہ ہے کہ جب انانیت تجھ سے ظاہر ہو رہی ہے ساری چیزوں سے انا کہہ سکتا ہے، یہاں سے معلوم ہوا کہ حجاب انانیت کے تعین کے بغیر کچھ بھی نہیں ہے۔

جناب عالی۔ ایک ذات ہے کہ سارا عالم اس کی صفت ہے اور اسی سے قائم ہے اور وہ ذات ان صفات سے ظاہر اور جلوہ گر ہے۔

جناب عالی۔ وہ ہی ایک ذات ہے جو ساری ذاتیں ہو گئیں، وہ ہی ذات ہے کہ پہلے اپنا نشان ہوئی اور پھر دوسری بار سارے جہان کی نشانیوں کی صورت ہو گئی اور وہی ذات ہے کہ اپنی قدرت اور ساری قدرتیں ہیں اور وہ وہی ذات ہے کہ اپنا ارادہ اور سارے ارادے ہیں، اور وہ ہی ذات ہے کہ اپنی سماعت اور ساری سماعتیں ہیں اور اپنی بصارت اور ساری بصارتیں ہیں اور اپنی حیات اور ساری حیاتیں ہیں اور اپنا فعل اور سارے افعال ہیں اور اپنا کلام اور سارے کلام ہیں وعلیٰ ہذا القیاس اور وہ ہی ذات ہے جو اپنی ہستی اور ساری ہستیاں ہے۔

جناب عالی۔ جو عالم میں ظاہر ہوا ذات میں پوشیدہ ہوا اس کے بعد ذات اس کی صورت میں پہلے اپنے علم میں اور پھر اپنے عین میں جلوہ فرما ہوئی۔ ذات نے اس کا رنگ پکڑا اور اس نے ذات کا رنگ اور جو کہ ذات میں پوشیدہ تھا اندھیرے میں عین ذات تھا کہ شے کے بغیر شے میں نہ تھا۔ پھر اس ذات نے خود بخود معاملہ کیا اور عاشقی اختیار کی اور بندگی اور خدائی درمیان میں لائی گئی اور کارخانہ ازلی اور ابدی برپا کیا گیا۔

www.mujaddidway.com

جناب عالی۔ بہر حال حقیقت یہی ہے پہلے تجھے مراقبہ مطلق ضروری ہے تاکہ دوری نہ رہے۔ جناب عالی۔ تفرقہ اور جدائی اس وقت تک ہے جب تک تو سب کو ایک نہیں جانتا اور ایک نہیں دیکھتا، جب سب کو ایک جانے گا اور ایک دیکھے گا تو تفرقہ اور دوئی سے آزاد ہو جائے گا اور تجھے وصل کھلم کھلا میسر ہو جائے گا۔

جناب عالی۔ جب سب کو ایک دیکھے گا تو سب نہیں رہیں گے بلکہ ایک رہے گا اور بس۔

جناب عالی۔ تجھ میں اور تیرے مقصود میں کوئی فاصلہ نہیں ہے اور فاصلہ جو ہے وہ یہ ہے کہ تو اس کو اپنے آپ سے جدا اور اپنے آپ سے غیر سمجھتا ہے، جب جان لے گا کہ تو نہیں ہے وہی ہے اور بس تب فاصلہ نہیں رہے گا، دل کا اطمینان اور دلی آرزو اور نفس کی پہچان اور حق کی عرفت اور فنائے مطلق اور وصل اور کمال قرب اس مقام پر حاصل ہو جائے گا اور کام تمام ہو جائے گا۔

جناب عالی۔ تو جب اس مقام پر پہنچ جائے کہ خود کو نہ دیکھے اور اس کو دیکھے تب دنیا اور آخرت کا آرام تیرے حق میں ایک ہو جائے گا، اور فنا و بقا اور خیر و شر اور وجود و عدم اور کفر و اسلام اور موت و حیات اور طاعت و معصیت پیچھے رہ جائیں گے اور بساط زمان و مکان آنکھوں کا نور بن جائے گا۔

جناب عالی۔ جب تو نہ رہا تو کوئی چیز نہ رہی کیونکہ سب چیزیں تجھ سے اور تیرے خیال سے وابستہ ہیں۔

جناب عالی۔ جاننا چاہیئے کہ سب چیزیں تجھ میں ہیں اور سب چیزیں تجھ سے باہر کوئی وجود نہیں رکھتیں اور جب تو نے اپنے آپ کو سب چیزوں سے خالی کر لیا تب کوئی چیز نہیں رہی۔

جناب عالی۔ تیرا وجود حق کے بغیر نہیں ہے۔ اور ساری چیزیں تیرے اندر موجود ہیں، جب تو نے خود کو حق تک پہنچایا اور اس بحر بیکراں میں خود کو غرق کیا یعنی اس صفت سے آگاہ ہوا تب ساری چیزیں تیرے ساتھ اس دریا میں گم ہو جائیں گی۔

جناب عالی۔ اگر اچھی طرح سے اس کو دیکھے گا تو جان جائے گا کہ انانیت جو تجھ سے ظاہر ہو رہی ہے وہ تجھ سے نہیں ہے، اور تو یہ جسم اور روح نہیں ہے سارے عالم میں ایک انا گو ہے کہ اس کی انانیت ہر جگہ پر ظاہر اور جلوہ گر ہے۔

جناب عالی۔ حقیقتِ مطلق کے وصول کی علامت یہ ہے کہ جب انانیت تجھ سے ظاہر ہو رہی ہے، ساری چیزوں سے انا کہہ سکتا ہے، یہاں سے معلوم ہوا کہ حجاب، انانیت کے تعین کے بغیر کچھ بھی نہیں ہے۔

جناب عالی۔ ایک ذات ہے کہ سارا عالم اس کی صفت ہے اور اُسی سے قائم ہے اور وہ ذات ان صفات سے ظاہر اور جلوہ گر ہے۔

جناب عالی۔ وہ ہی ایک ذات ہے جو ساری ذاتیں ہو گئیں، وہ ہی ذات ہے کہ پہلے اپنا نشان ہوئی اور پھر دوسری بار سارے جہان کی نشانیوں کی صورت ہو گئی اور وہ ہی ذات ہے کہ اپنی قدرت اور ساری قدرتیں ہیں اور وہ وہی ذات ہے کہ اپنا ارادہ اور سارے ارادے ہیں، اور وہ ہی ذات ہے کہ اپنی سماعت اور ساری سماعتیں ہیں اور اپنی بصارت اور ساری بصارتیں ہیں اور اپنی حیات اور ساری حیاتیں ہیں اور اپنا فعل اور سارے افعال ہیں اور اپنا کلام اور سارے کلام ہیں وعلیٰ ہذا القیاس اور وہ ہی ذات ہے جو اپنی ہستی اور ساری ہستیاں ہے۔

جناب عالی۔ جو کہ عالم میں ظاہر ہوا ذات میں پوشیدہ ہوا اس کے بعد ذات اس کی صورت میں پہلے اپنے علم میں اور پھر اپنے عین میں جلوہ فرما ہوئی۔ ذات نے اس کا رنگ پکڑا اور اس نے ذات کا رنگ اور جو کہ ذات میں پوشیدہ تھا اندھیرے میں عین ذات تھا کہ شے کے بغیر شے میں نہ تھا۔ پھر اس ذات نے خود بخود معاملہ کیا اور عاشقی اختیار کی اور بندگی اور خدائی درمیان میں لائی گئی اور کارخانہ ازلی اور ابدی برپا کیا گیا۔

www.mujaddidway.com

جناب عالی۔ تو اپنے آپ کو اس طرح خیال کر کہ اب تک اُسی جگہ پر ہے جہاں پہلے جہان ازل میں تھا۔ تا کہ تو آزاد ہو جائے اور دوسری بار تفرقہ اور غم اور بلا کا منہ نہ دیکھے۔

جناب عالی۔ تیری روح وہ ہی ہے کہ تو اس سے زندہ ہے اور تیرا دل وہ ہی ہے کہ تو اس سے سمجھتا ہے اور تیری آنکھ وہ ہی ہے کہ تو اس سے دیکھتا ہے اور تیرا کان وہ ہی ہے کہ تو اس سے سنتا ہے اور تیرا ہاتھ وہ ہی ہے کہ تو اس سے پکڑتا ہے اور تیرا پاؤں وہی ہے کہ تو اس سے چلتا ہے۔

جناب عالی۔ تیرے ظاہر اور باطن اجزاء اور اعضاء میں سے ہر جزو اور عضو وہ ہی ہے کہ اسی سے جزو اور عضو کا کام تجھ سے ظاہر ہوتا ہے اور تیرے سارے اجزاء اور اعضاء وہ ہی ہے کہ تو اسی سے ہے۔

جناب عالی۔ وہ، تو اور میں یہ تینوں صفتیں اسی کی ہیں دوسرا کوئی درمیان میں نہیں ہے۔

جناب عالی۔ توحید، واحد کی صفت ہے نہ میں اور تُو اور جب تک میں اور تُو باقی ہیں، شرک ہے توحید نہیں ہے۔

جناب عالی۔ جب تُو گیا تو فنا ہے اور جب وہ درمیان میں آیا تو بقا ہے۔

جناب عالی۔ سلوک تیری کوشش اور دوئی کو ہٹانے کا نام ہے اور جذبہ تیرے وحدت میں جانے کا نام۔

جناب عالی۔ سلوک اور جذبہ اور فنا اور بقا سے اسم ولایت متحقق ہے۔

جناب عالی۔ تمام دوستوں سے نیازمندی اختیار کر تیرا مطلوب ہیں اور دشمن سے بھی دوستی کر کہ وہ بھی تیرا مقصود ہے۔

جناب عالی۔ اپنے آپ کو بھی محبت کی نظر سے دیکھا کر کہ تو خود عین محبوب ہے۔

جناب عالی۔ یہ ساری باتیں سلوک میں ضروری ہیں۔

جناب عالی۔ بد اور نیک کو دریائے وحدت میں پھینک دے تا کہ تو حقیقت سے آشنا ہو جائے۔

جناب عالی۔ وحدت کی باتیں اگر بہت کروں تو بھی تھوڑی ہیں، اور اگر تھوڑی لکھوں تو بھی بہت ہیں، اس معرفت کی ابتداء، انتہا میں داخل ہے اور اس کی انتہا، ابتدا میں داخل، اس کو نہ ابتداء ہے اور نہ انتہا۔ کہاں تک بات کروں اور کہاں تک لکھوں نہ میں بات کر رہا ہوں اور نہ میں لکھ رہا ہوں، حقیقت خود بخود بول رہی ہے۔

جناب عالی۔ جب نیند کا ارادہ کرے تو نیت کر کہ عالم بطون میں جا رہا ہوں اور اپنی حقیقت کی طرف رجوع کر رہا ہوں اور جب بیدار ہو تو یہ خیال کر کہ عالم ظہور میں آیا ہوں اور بطون سے ظہور میں نمودار ہوا ہوں، اور چاہیے کہ رات کے پچھلے پہر اُٹھے اور استغفار پڑھے اور کہے کہ اے میری حقیقت مجھے اپنی ذات تک پہنچا اور مجھ کو مجھ سے نہ چھپا اور دوئی سے باہر نکال۔ اور نماز تہجد ادا کر اور سورہ یٰسین اگر یاد ہو تو تہجد کی نماز میں پڑھا کر، کہ یہ ہمارے دین اور دنیا کے پیشواؤں کا پسندیدہ عمل ہے۔ اس کے بعد وحدت کے مراقبے میں مشغول ہو جا، تا کہ نماز فجر کا وقت ہو جائے اور جب نماز فجر سے فارغ ہو جائے تو سورج نکلنے تک، چاہے یا نہ چاہے لیکن اپنے آپ پر جبر کر کے قبلہ رو ہو کر مراقبہ وحدت میں بیٹھے رہنا چاہیے۔ جب سورج نکل کر شہر کے در و دیوار اور درختوں سے بلند ہو کر نظر آنے لگے، چار رکعتیں دو سلاموں کے ساتھ ادا کر اور سورہ یٰسین ایک بار پڑھ اور اگر سورہ یٰسین ان چار رکعتوں میں پڑھ سکے تو زیادہ بہتر ہے، اسی طرح ہر نماز کے بعد سورہ یٰسین پڑھا کر کہ اس کے بہت سارے فائدے ہیں البتہ نماز فجر کے وقت قرآن مجید میں فکر وحدت ہو سکے تو اچھا ہے۔ اور جان، کہ خود اپنی عبادت کر رہا ہے اور خود اپنا کلام پڑھ رہا ہے، البتہ ضرورت کے وقت یعنی نماز کے ارکان کا خیال رکھے اور بول کہ اے میری حقیقت مجھے اپنے تک پہنچا اور مجھ سے نہ چھپا اور مجھ کو میں اور دوئی سے باہر لے آ۔

www.mujaddidway.com

جناب عالی۔ سالک کے لیے تمام آداب طریقت ضروری ہیں، ان آداب کی تفصیل لکھنے کی اس رسالے میں گنجائش نہیں ہے کہ اختصار مطلوب ہے، البتہ جو کچھ کہ لکھنا طالب کے لیے ضروری ہے وہ یہ ہے کہ نیند کم کرے جب ضروری ہو اور نیند کا غلبہ ہو تب جیسا کہ میں نے لکھا تھوڑی سی نیند کرے اور کھانا اور پانی چاہیے کہ بہت کم ہو یعنی رات دن میں ایک بار۔ اور اگر روزے سے رہے تو بہتر ہے، طالب کو چاہیے حرام یا مشکوک لقمہ سے بچے کہ ناجائز لقمہ دوئی جدائی اور وہم باطل کے اسباب میں سے ہے اور جو چیزیں شریعت میں ممنوع ہیں اور طریقت میں بڑی ہیں وہ سب ایسی ہی ہیں یعنی طالب کے لیے نقصان دہ ہیں، اس قاعدے کو اچھی طرح یاد رکھ کہ یہ بہت ضروری ہے۔

جناب عالی۔ تجھے چاہیے کہ باتیں کم کرے، تنہائی اور بیابان میں اکیلا وحدت کا مراقبہ اور ملاحظہ کرتا رہے۔

جناب عالی۔ زیادہ باتیں کرنا دل کو ہلا دیتا ہے اور خیالات پریشان ہوتے ہیں اور وحدت اور یگانگی حاصل کرنے سے غافل کر دیتی ہے، ضرورت کے بغیر ایک حرف بھی مت بول اور جو بھی بات کرے مختصر کرے اور وحدت کے خیال کو ایک لمحہ کے لیے بھی اپنے سے جدا مت کر، جب مجلسوں میں بیٹھے تو زیادہ مقید ہو کر نہ بیٹھ، مبادا غفلت واقع ہو جائے اور کوشش کر کہ بہ کثرت وحدت کا آئینہ بن جائے اور مضبوط ہو جائے۔

جناب عالی۔ اس خیال کو خفیہ رکھنے کے لیے ہر ممکن حد تک تنہا رہنے کی کوشش کرنی چاہیے، یہ باتیں ہر کسی پر ظاہر نہیں کرنی چاہیے البتہ اپنے خاص لوگوں سے کی جا سکتی ہیں۔

جناب عالی۔ اپنی اولاد اور غلام اور آشنا اور بیگانہ اور دشمن اور دور سے آشنائی وحدت کے لحاظ سے کرنی چاہیے اور سب کو اخلاص کی نظر اور حقیقت بین آنکھ سے دیکھنا چاہیے۔

جناب عالی۔ جنگ و جدل کو مطلق ختم کر دے اور انکار کلی طور پہ باہر نکال دے، تا کہ وحدت ظہور فرمائے اور بہت زیادہ کوشش کرنی چاہیے کہ غصہ اور غضب ظاہر نہ ہو، لڑائی جھگڑے اور مار کٹائی کی کوئی گنجائش نہیں ہے، سب کو معذور سمجھنا چاہیے۔ یعنی گھر میں اور گھر سے باہر اپنے فرزندوں اور متعلقین اور بیگانوں کے ساتھ آب حیات کی طرح رہنا چاہیے، اگر کوئی تجھ سے برائی کرنے تو، تو اس سے ہرگز اپنا دل میلا نہ کر اور غمگین نہ ہو اور اس کو اپنی طرف سے خوش اور راضی رکھ اور اس کو برائی کا بدلہ نیکی سے دے، طریقت میں یہ اصل کلیہ ہے۔

